37684 ـ مدہوش کا روزہ

سوال

کیا epilepsy والے کے مریض پر روزہ واجب ہے (ایسا مرض جس کی وجہ سے کچھ دیر کے لیے جنون پیدا ہوجاتا ہے) ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں رمضان میں بے ہوشی والے شخص پر رمضان کے روزے واجب ہے اوراس سے روزے ساقط نہیں ہوتے ۔

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ ذیل سوال پوچھا گیا :

ایک شخص کچھ گھنٹوں کےلیے اپنی ہوش کھوبیٹھتا ہے توکیا اس پرروزے واجب ہیں ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

اگر تو کچھ گھنٹوں کےلیے بے ہوش ہوتا ہو تو اس پر روزے واجب ہیں ، جیسا کہ کچھ وقت تک سونے والے شخص پر بھی روزے واجب ہیں ، اوراس کا کچھ دیر کے لیے دن یا رات کےوقت اپنی ہوش کھوبیٹھنا روزے کے وجوب کو ختم نہیں کرتا ، بلکہ اس پرروزے واجب ہیں ۔ ا ھـ

دیکھیں فتاوی الشیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی (15 / 210) ۔

لیکن ۔۔۔ جب جب وہ زیادہ دیر بے ہوش رہے یعنی (طلوع فجر سے غروب شمس)مکمل دن ہی ہوش نہ کرے تواس کا روزہ رکھنا صحیح نہیں بلکہ وہ اس کی قضاء کرے گا ، لیکن اگر وہ دن کے دوران ہوش میں آجائے تو اس کا روزہ صحیح ہے ۔

آپ مزید تفصیل کےلیے سوال نمبر (9245) اور (12425) کے جوابات کا مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم .